عبد اللہ بڑا ہی اچھا آدمی ہوتا کاش وہ رات میں نماز بھی پڑھا کرتا

سالم بن عبد اللہ بن عمربن خطاب رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”عبد اللہ بڑا ہی اچھا آدمی ہوتا کاش وہ رات میں نماز بھی پڑھا کرتا“ سالم کہتے ہیں کہ عبد اللہ رضی اللہ عنہ اس کے بعد رات کو بہت کم سویا کرتے تھے

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ نے بتایا کہ عبد اللہ بن عمر ایک نیک آدمی ہیں اور آپ ﷺ نے انہیں تہجد کی نماز پڑھنے کی ترغیب دی چنانچہ (اس کے بعد سے) عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ رات کو بہت کم سویا کرتے تھے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4223